روزنامہ

الفضل

C.P.L 29-FD ٹیلیفون نمبر 047-6213029

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

بدھ 19/اکتوبر 2005ء 14 رمضان 1426 ہجری 19 اخاء 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 235

وہ میرے ہیں

آنحضرت ﷺ نے اشعر قبیلہ کے باہمی تعاون کو پسند کرتے ہوئے فرمایا کہ جنگ کے وقت جب ان کا زادراہ ختم ہو جاتا ہے یا ان کے اہل وعیال کا کھانا کم پڑ جاتا ہے تو جو کچھ ان کے پاس موجود ہوتا ہے وہ اس کو ایک کپڑے میں جمع کر لیتے ہیں اور پھر ایک برتن میں ڈال کر برابر تقسیم کر لیتے ہیں وہ میرے ہیں اور میں ان کا ہوں۔

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فضائل الاشعریین حدیث :4556)

امام جماعت احمدیہ کی طرف سے زلزلہ زدگان کی بھرپور امدادی تحریک اور جماعت کا والہانہ لبیک

10 لاکھ روپے صدارتی فنڈ میں دیئے۔ لندن سے ڈاکٹرز 22 لاکھ روپے کی ادویات لے کر آئے۔ روزانہ 30 سے زائد دیگیں پکوا کر متاثرین میں کھانا تقسیم کیا جارہا ہے

رپورٹ از: محترم ناظر صاحب امور عامہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان

مورخہ 8/اکتوبر 2005 کو پاکستان کے شمالی علاقہ جات اور کشمیر میں زلزلہ کی وجہ سے جو ہولناک تباہی ہوئی اس پر جماعت احمدیہ کی طرف سے حضور انور کی ہدایات کی روشنی میں فوری طور پر امدادی سرگرمیوں کا آغاز ہوگیا تھا۔ لیکن جب ہمارے پیارے امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 14/اکتوبر 2005 میں زلزلہ زدگان کی امداد کی بھرپور امداد کرنے کی تحریک احباب جماعت کے سامنے رکھی تو اس پر احباب جماعت کی طرف سے والہانہ لبیک کے دلکش نظارے دیکھنے کو ملے۔ حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ میں فرمایا تھا کہ۔

"جماعت احمدیہ کا ہر فرد بحیثیت انسان...... اس آسمانی آفت پر دل میں درد اور دکھ محسوس کر رہا ہے۔ اور ہم پاکستانی احمدی تو اپنے بھائیوں کی تکلیف اور دکھ دیکھ کر انتہائی دکھ اور کرب میں ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ ہمارے ہموطنوں کی تکلیفوں کو کم کرے اور انہیں آفات سے بچائے۔ میں نے صدر پاکستان اور وزیراعظم پاکستان اور صدر آزاد کشمیر اور وزیراعظم آزاد کشمیر کو جو افسوس کا خط لکھا تھا اس میں بھی انہیں یقین دلایا تھا کہ جماعت احمدیہ ہمیشہ کی طرح ان کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ وطن کی محبت کا تقاضا بھی یہ ہے کہ ہر پاکستانی احمدی اس وقت اس کڑے وقت میں اپنے بھائیوں کی مدد کرے۔ عملی طور پر بھی اور دعاؤں سے بھی۔ اپنی تکلیفوں کو بھول جائیں اور دوسرے کی تکلیف کا خیال کریں...... گو کہ اس زلزلے کے بعد سے فوری طور پر ہی افراد جماعت بھی اور جماعت احمدیہ پاکستان بھی اپنے ہموطنوں کی جہاں تک ہمارے وسائل ہیں مصیبت زدوں کی مدد کرنے کی کوشش کر رہی ہے۔ لیکن میں پھر بھی ہر پاکستانی احمدی سے یہ کہتا ہوں، ان کو یہ توجہ دلانی چاہتا ہوں کہ ان حالات میں جبکہ لاکھوں افراد بے گھر ہو چکے ہیں، کھلے آسمان تلے پڑے ہوئے ہیں، حتی المقدور ان کی مدد کریں جو پاکستانی احمدی باہر کے ملکوں میں ہیں، ان کو بھی بڑھ چڑھ کر ان لوگوں کی بحالی اور ریلیف (Relief) کے کام میں حکومت پاکستان کی مدد کرنی چاہئے۔"

حضور انور کی اس تحریک کے بعد دنیا بھر میں پھیلی ہوئی جماعتوں نیز تمام ذیلی تنظیموں کی طرف سے ایک نئے جذبہ اور جوش کے ساتھ امداد جمع کرنے کا آغاز ہوا۔ اس امدادی سامان کی متاثرہ علاقوں میں ترسیل کے لئے مرکز میں ایک کمیٹی قائم کی گئی تھی جس کے زیر انتظام متاثرہ علاقوں میں امدادی سامان متاثرین میں تقسیم ہونا شروع ہوگیا۔ **اس وقت تک جو امدادی کام ہوا اس کی مختصر رپورٹ تحدیث نعمت کے طور پر ذیل میں پیش ہے۔**

اس وقت تک ابتدائی طور پر دس لاکھ روپے صدر پاکستان کے ریلیف فنڈ میں جمع کروائے جا چکے ہیں۔

لندن، جرمنی، لاہور اور پاکستان کے دیگر شہروں سے 10 سے زائد ڈاکٹرز نیز پیرا میڈیکل سٹاف پر مشتمل ٹیمیں متاثرہ علاقوں میں پہنچ کر طبی امداد فراہم کر رہی ہیں۔ امریکہ کے ایک ڈاکٹرز کی ٹیم آنے کے لئے تیار ہے۔

لندن سے Humanity First کے تحت جو ڈاکٹرز کی ٹیم آئی ہے وہ اپنے ساتھ بائیس لاکھ روپے کی ادویات بھی لائے ہیں جو کہ متاثرین کو دی جارہی ہیں۔

احمدی ڈاکٹرز جو طبی امداد مہیا کر رہے ہیں اس حوالے سے ایک ایمان افروز واقعہ بھی پیش آیا۔ ایک زخمی کو جماعت کے تحت جاری طبی کیمپ میں لایا گیا اس کو کسی دوسرے کیمپ سے بھی طبی امداد دی گئی تھی مگر اس کی حالت کافی خراب تھی ہیومینیٹی فرسٹ کے ڈاکٹرز نے اس مریض کو طبی امداد دی اور پھر اس کو اٹھا کر بھاگتے ہوئے قریبی کیمپ ہسپتال میں لے گئے۔ اور وہاں بھی خود اس کا آپریشن کیا۔ یہاں ایک سپینش ٹیم بھی موجود تھی لیکن سارا کام انہوں نے خود کیا وہ ان کو دیکھ دیکھ کر حیران ہو رہے تھے کہ کس جذبہ سے یہ لوگ کام کر رہے ہیں۔ کیمپ میں اس مریض کے لئے اجتماعی دعا بھی کی گئی۔ خدا کے فضل سے معجزانہ رنگ میں اس کو شفا ملی اور اب وہ اس قابل ہے کہ اس کو راولپنڈی منتقل کیا جا سکے۔ اس کے لواحقین ڈاکٹرز کو رقم دینے لگے کہ ہم یہ خوشی سے دے رہے ہیں لیکن انہیں بتایا گیا کہ ہم پیسے لینے نہیں آئے بلکہ صرف خدمت انسانیت کے جذبے سے آئے ہیں اس پر انہوں نے کہا کہ یہاں بہت سی دیگر تنظیمیں بھی کام کر رہی ہیں مگر آپ تو کسی اور دنیا کی مخلوق لگتے ہیں۔

مانسہرہ اور شنکیاری بھی ایک موبائل ٹیم گئی ہے۔ مظفر آباد میں بھی اسی طرح ایک بیس کیمپ لگا ہوا ہے جس میں مریضوں کو دیکھا جا رہا ہے۔ اس وقت تک 1300 مریضوں کو طبی امداد دی جا چکی ہے۔ اس کے علاوہ دو موبائل ٹیمیں بھی قریبی دیہات میں جاتی ہیں۔ مظفر آباد میں خدام ملبہ ہٹانے کے کام میں بھی مدد کر رہے ہیں۔

Humanity First کے تعاون سے 500 سے زائد خیموں اور دیگر سامان پر مشتمل ایک کنٹینر لندن سے روانہ ہو رہا ہے جو کہ جلد متاثرہ علاقوں میں تقسیم کے لئے پہنچ جائیگا۔ اس کے علاوہ اسلام آباد اور راولپنڈی سے روزانہ 30 سے زائد

(باقی صفحہ 12 پر)

نمایاں کامیابی

مکرم کرامت احمد گھمن صاحب قائد خدام الاحمدیہ حلقہ ڈیفنس لاہور تحریر کرتے ہیں۔ کہ میرے بھانجے مکرم منیب انور ورک صاحب ابن مکرم محمد انور ورک صاحب ڈی آئی جی ایلیٹ پولیس فورس پنجاب لاہور نے امسال اے لیول کے امتحانات میں چار اے گریڈ حاصل کر کے نمایاں کامیابی حاصل کی ہے اور بیکن ہاؤس سکول ڈیفنس لاہور کی جانب سے گولڈ میڈل کے حقدار قرار پائے ہیں۔ اس اعلیٰ کارکردگی کی بنیاد پر موصوف کو آغا خان میڈیکل کالج یونیورسٹی کراچی میں ایم بی بی ایس میں داخلہ بھی مل گیا ہے۔ احباب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اس کامیابی کو اپنے خاندان جماعت اور ملک کیلئے بابرکت کرے اور اپنے مستقبل میں مزید کامیابیوں کا پیش خیمہ بنائے۔

ٹیکنیکل میگزین IAAAE

مکرم انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب صدر ٹیکنیکل میگزین کمیٹی تحریر کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ٹیکنیکل میگزین 2004-2005 طبع ہو چکا ہے اور اب اگلے میگزین 2006ء کیلئے اعلان کیا جاتا ہے کہ انجینئرز، آرکیٹکٹس اور دیگر اہل علم حضرات وخواتین اپنی اپنی فیلڈ اور دلچسپی کے مطابق مضامین اور ٹیکنیکل رپورٹس بھجوائیں۔ انجینئرنگ اور آرکیٹکچر کے طلباء بھی طبع آزمائی کریں اور اپنے جوہر دکھائیں اسی طرح اندرون اور بیرون ملک IAAAE کے Chapters مختلف تقریبات کی تصاویر بھی ارسال کریں۔ اللہ تعالیٰ تمام تعاون کرنے والوں کو بہترین جزا دے۔ آمین

مضامین اردو اور انگلش دو زبانوں میں درکار ہونگے۔ اشتہارات بھی بھجوانے کی درخواست ہے۔

(معرفت IAAAE بلڈنگ عقب گولبازار ربوہ)

درخواست دعا

☆ مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کیلئے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان احباب کی قربانی قبول فرمائے اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین

کونسا دل ہے جو شرمندۂ احسان نہ ہو

کونسا دل ہے جو شرمندۂ احسان نہ ہو ... کونسی رُوح ہے جو خائف و ترسان نہ ہو
میرے ہاتھوں سے جدا یار کا دامان نہ ہو ... میری آنکھوں سے وہ اوجھل کبھی اک آن نہ ہو
مُضغۂ گوشت ہے وہ دل میں جو ایمان نہ ہو ... خاک سی خاک ہے وہ جسم میں گر جان نہ ہو
اپنی حالت پہ یُونہی خرم و شادان نہ ہو ... یہ سکوں پیشِ رَوِ آمدِ طوفان نہ ہو
مبتلائے غم و آلام پہ خندان نہ ہو ... یہ کہیں تیری تباہی کا ہی سامان نہ ہو
اپنے اعمال پہ غرّہ ارے نادان نہ ہو ... تُو بھلا چیز ہے کیا اُس کا جو احسان نہ ہو
نہ ٹلیں گے نہ ٹلیں گے ہم بھی ... جب تلک سر بدع و کُفر کا میدان نہ ہو
رنگ بھی روپ بھی ہو حُسن بھی ہو لیکن پھر ... فائدہ کیا ہے اگر سیرتِ انسان نہ ہو
نہ سہی جُود پہ وہ کام تو کر تُو جس میں ... غیر کا نفع ہو تیرا کوئی نقصان نہ ہو
عشق کا دعویٰ ہے تو عشق کے آثار دکھا ... دعویٰ باطل ہے وہ جس دعویٰ پہ بُرہان نہ ہو
مرحبا! وحشتِ دل تیرے سبب سے یہ سُنا ... مَیں ترے پاس ہوں سرگشتہ و حیران نہ ہو
بادہ نوشی میں کوئی لطف نہیں ہے جبتک ... صحبتِ یار نہ ہو مجلسِ رندان نہ ہو
بُلبُلِ زار تو مر جائے تڑپ کر فوراً ... گر گلِ تازہ نہ ہو بُوئے گلستان نہ ہو
تیری خدمت میں یہ ہے عرض بصد عجز و نیاز ... قبضۂ غیر میں اے جاں مِری جان نہ ہو
تُو ہے مقبولِ الٰہی بھی تو یہ بات نہ بھول ... سامنے تیرے کوئی موسیٰؑ عمران نہ ہو
ابنِ آدم ہے نہ کچھ اور تجھے خیال رہے ... حدِ نسیان سے بڑھ کر کہیں عصیان نہ ہو
تجھ میں ہمت ہے تو کچھ کر کے دکھا دُنیا کو ... اپنے اَجداد کے اعمال پہ نازان نہ ہو
اپنے ہاتھوں سے ہی خود اپنی عمارت نہ گرا ... مخرب دین نہ بن دُشمنِ ایمان نہ ہو
جُود و احسانِ شہنشہ پہ نظر رکھ اپنی ... جَورِ اغیار پہ افسردہ و نالان نہ ہو
اپنے اوقات کو اے نفسِ حریص و طامع ... شکرِ منّت میں لگا طالبِ احسان نہ ہو
آگ ہو گی تو دُھواں اس سے اُٹھے گا محمودؔ ... غیر ممکن ہے کہ ہو عشق پہ اعلان نہ ہو

(کلام محمود)

جلد وصیتیں کریں

سیدنا حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔
’’پس تم جلد سے جلد وصیتیں کرو تا کہ جلد سے جلد نظام نو کی تعمیر ہو اور وہ مبارک دن آ جائے جبکہ چاروں طرف ......اور احمدیت کا جھنڈا الہرانے لگے۔‘‘
(مرسلہ سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج

فضل عمر ہسپتال ربوہ دکھی اور ضرورت مند مریضوں کا مفت علاج کرتا ہے۔ مخیّر حضرات سے درخواست ہے کہ وہ اس سہولت کے فراہم کرنے میں ادارہ کی معاونت فرمائیں اور اپنی رقوم مدنادار مریضان میں بھجوا کر ثواب دارین حاصل کریں۔
(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

چندہ تحریک جدید اور ماہ رمضان

سیدنا حضرت رسول کریم ﷺ کی سخاوت ساری عمر حیرت انگیز رہی۔ لیکن ماہ رمضان میں اس کی رفتار ایک تیز آندھی سے بھی تیز تر ہو جاتی تھی۔ اس اسوہ حسنہ کے پیش نظر تحریک جدید کو جاری کرنے والے مقدس وجود نے ہمیں متوجہ فرمایا کہ اس مبارک مہینہ میں اپنی تحریک جدید کی مالی قربانی کا بھی جائزہ لیا جائے۔ تحریک جدید کے جملہ وعدہ کنندگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنا جائزہ لیں اور اگر کچھ رقم بقایا رہ گئی ہو تو اس مبارک مہینہ میں ہی ادا کرنے کا اہتمام فرمائیں۔ اگر وعدہ سے زائد ادائیگی فرمادی جائے تو وہ مزید برکتیں حاصل کرنے والے ہونگے۔
(وکیل المال اول تحریک جدید)

سانحہ ارتحال

☆مکرم محمد سعید انور صاحب تحریر کرتے ہیں کہ دارالضیافت کے قدیمی اور دیرینہ کارکن مکرم ناصر احمد خان صاحب ابن عبدالرشید خان صاحب بیوت الحمد کوارٹرز ربوہ مورخہ 10 /اکتوبر 2005ء کو بعمر 54 سال ہارٹ اٹیک کی وجہ سے وفات پاگئے ہیں۔ اسی دن ان کی نماز جنازہ بیت المھدی ربوہ میں بعد نماز ظہر مکرم قیصر محمود قریشی صاحب نے پڑھائی اور عام قبرستان میں تدفین کے بعد مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر دارالضیافت ربوہ نے دعا کروائی۔ مرحوم ملنسار، خادم سلسلہ اور ہر ایک کے ساتھ خندہ پیشانی سے ملنے والے تھے۔ آپ نے اپنے پیچھے بیوہ کے علاوہ تین بیٹیاں اور دو بیٹے سوگوار چھوڑے ہیں۔ احباب کرام سے ان کی بلندی درجات اور پسماندگان کے لئے صبر جمیل عطا ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

ولادت

مکرم اعجاز احمد کھوکھر صاحب ڈی ایچ اے لاہور کینٹ تحریر کرتے ہیں کہ میری بیٹی مکرمہ فائزہ اویس صاحبہ اہلیہ مکرم اویس احمد صاحب وینس ابن محترم منیر احمد وینس صاحب مرحوم مرغزار کالونی گجرات کو 15 ستمبر 2005ء کو اللہ تعالیٰ نے پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت فرید احمد نام عطا فرمایا ہے بچہ وقف نو کی مبارک تحریک میں شامل ہے احباب جماعت سے نومولود کیلئے نیک صالح خادم دین درازی عمر اور والدین کیلئے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

سبق حاصل کرو

سیدنا حضرت مصلح موعود نے فرمایا:۔
تم رمضان سے سبق حاصل کرتے ہوئے استقلال والی نیکی اختیار کرو اور اپنی وہ حالت نہ بناؤ کہ کبھی کھڑے ہو گئے اور کبھی گر گئے کم از کم چند نیکیاں تو اپنے اندر ایسی پیدا کرو جن میں تم مستقل ہو اور جن کو تم کسی صورت چھوڑنے کیلئے تیار نہ ہو۔‘‘
(خطبہ جمعہ 4 نومبر 1938)

نکاح و تقریب شادی

☆محترمہ رشیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ محترم چوہدری محمود احمد اٹھوال صاحب شہید پنوں عاقل دارالعلوم غربی حلقہ صادق ربوہ تحریر کرتی ہیں کہ میرے بیٹے مکرم طاہر احمد اٹھوال صاحب آسٹریلیا کی تقریب شادی مورخہ 24 /اگست 2005ء کو مکرمہ ناہید اختر صاحبہ بنت مکرم چوہدری مقبول احمد ساہی صاحب شہید پنوں عاقل کے ساتھ بخیر و خوبی انجام پائی۔ بارات ربوہ سے گریس میرج ہال ٹوبہ ٹیک سنگھ گئی۔ مکرم حافظ عبدالاعلیٰ طاہر صاحب نائب وکیل المال اول نے اس موقع پر مبلغ پانچ ہزار آسٹریلین ڈالر حق مہر پر نکاح پڑھایا۔ اگلے دن مورخہ 25 /اگست 2005ء کو دعوت ولیمہ کا اہتمام دارالضیافت کے بالمقابل گرین بیلٹس میں کیا گیا اس موقع کے لئے حضور انور نے ازراہ شفقت اپنے نمائندہ کے طور پر مکرم ناظر صاحب اعلیٰ کی منظوری فرمائی تھی۔ محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے اس موقع پر دعا کروائی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس رشتہ کو دونوں خاندانوں کے لئے ہر لحاظ سے خیر و برکت کا موجب اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

ضرورت سائنس ٹیچرز

مجلس نصرت جہاں کو اپنے تعلیمی اداروں کیلئے خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے مخلص اساتذہ کی ضرورت ہے۔ جو سائنس کے مضامین پڑھا سکیں۔ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی میں ایم ایس سی پاس مخلصین اپنی درخواستیں ضروری کاغذات کے ہمراہ بھجوائیں۔
سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بالائی منزل۔ بیت الاظہار احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون :047-6212967

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

ہومیوپیتھی طریقہ علاج کی فلاسفی، عمومی ہدایات اور قیمتی نکات

حضرت امام جماعت رابع کی کتاب ہومیو پیتھی ”یعنی علاج بالمثل“ سے ماخوذ

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر محمد اسلم سجاد صاحب

تازہ مکسچر بنانا مفید ہے

”سب دواؤں کو الگ الگ شیشیوں میں رکھنا چاہئے۔ اگرچہ بعض دواؤں کے نسخے بنا کر رکھنے سے اثر کلیتہً زائل تو نہیں ہوتا لیکن وہ دوائیں جو ایک دوسرے کے اثر کو زائل کر دیں اور آپس میں ہم مزاج نہ ہوں انہیں الگ الگ رکھنا ضروری ہے۔ ضرورت کے مطابق تازہ مکسچر بنایا جائے تو بہتر ہے بہ نسبت اس کے کہ مکسچر بنا کر رکھا جائے۔“ (صفحہ :xviii)

اینٹی سورک ادویات کی ضرورت

”جلدی بیماریوں کی ایسی بہت سی قسمیں ہیں جو مزاجی دوا طلب کرتی ہیں۔ اگر وہ دوائیں جو غور وخوض کے بعد چنی جائیں فائدہ نہ دیں تو پھر اینٹی سورک دواؤں کی لازماً ضرورت پڑتی ہے۔ وہ بیماری کے مزاج کو نرم کر کے اثر قبول کرنے کے قابل بنا دیتی ہیں۔ ایسی دواؤں میں سلفر اور سورائینم کے علاوہ مرک سال، ٹیوبرکولینم اور سفلینیم بھی شامل ہیں۔ اسی طرح گائیکم بھی ایک اینٹی سورک دوا ہے۔“

(صفحہ 418`419)

جسمانی بیماری سے ذہنی بیماریاں

”بسا اوقات عورتوں کی رحم کی بیماریاں ذہنی بیماریوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔ اگر کسی دوا سے ماہانہ نظام ٹھیک ہو جائے لیکن بے چینی، توہمات، موت کا خوف اور پاگل پن کی علامات ظاہر ہونے لگیں تو یہ اچھا سودا نہیں۔“ (صفحہ :95)

اترتے بخار میں ہر دوا دی جاسکتی ہے

”بعض ہومیو پیتھک معالجین نے کالی فاس اور دیگر تمام پوٹاشیم والے نمکیات کے بارے میں تنبیہ کی ہے کہ بخار کے دوران ہرگز استعمال نہ کئے جائیں لیکن یہ احتیاط صرف چڑھتے بخار میں لازم ہے۔ جب بخار اترنے لگے تو ہر دوا دی جاسکتی ہے اور بہت مفید ثابت ہوتی ہے۔“ (صفحہ :513)

خالی پیٹ دوا استعمال کریں

”دوا کھانے میں یہ احتیاط لازم ہے کہ کھانے سے معاً پہلے یعنی آدھے گھنٹے تک اور آدھے گھنٹے بعد تک نہ کھائی جائے تو بہتر ہے۔ اگر اس وقفہ سے کم میں بھی کھانی پڑے تو کچھ نہ کچھ اثر ضرور دکھائے گی لیکن دوا کا بہترین وقت خالی پیٹ کا ہے۔ اگر فوری ضرورت پیش آئے تو پھر کسی بھی وقت ہومیو دوائی لی جا سکتی ہے۔ نہار منہ یا رات کے کھانے کے دو چار گھنٹے بعد دوا کھانا بہرحال بہتر ہے۔“ (صفحہ :xvii)

دوا کی طاقت کا تعین

”معدے کی تکالیف میں نسبتاً چھوٹی پوٹینسیاں زیادہ اثر کرتی ہیں۔ اعصابی تکالیف ہوں تو 200 یا زیادہ اونچی طاقتوں کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔ گہری نفسیاتی بیماریوں میں بڑی پوٹینسی میں فائدہ ہوتا ہے۔ کینسر کی بعض قسموں میں زیادہ اونچی طاقت دینی پڑتی ہے۔ لیکن بعض مریضوں کی حالت اتنی بگڑ چکی ہوتی ہے کہ ان کو اونچی طاقت دینا ان کے لئے زہر ثابت ہوتا ہے۔ پہلے رفتہ رفتہ ان کی جسمانی حالت کو اعتدال پر لانے کی کوشش کرنی چاہئے اور مناسب غذا اور وٹامنز کے استعمال سے بھی استفادہ کرنا چاہئے۔ جب مریض میں ردعمل برداشت کرنے کی طاقت پیدا ہو جائے تو پھر 30 طاقت سے علاج شروع کر کے طاقتوں کو تدریجاً بڑھایا جا سکتا ہے۔ ایک دوسرے کی دشمن دواؤں کو کبھی اکٹھا نہیں کرنا چاہئے یہ تو تیز گرم چائے میں آئس کریم ملانے والی بات ہے۔

اگرچہ کینٹ نے بعض دواؤں کے استعمال میں لاکھ طاقت سے بہت ڈرایا ہوا ہے۔ ان میں خصوصیت سے سلیشیا (Silicea) شامل ہے حالانکہ سلیشیا کو ایڈز اور بعض قسم کے کینسرز میں میں نے لاکھ سے نیچے ہزار تک کی طاقتوں میں مفید ہی نہیں پایا۔

ہومیوپیتھی میں اگر دی گئی دوا کا اثر نمایاں نہ ہو تو دو ہی طریقے ہیں۔ یا تو دوا دہرا دی جائے اور جب دیکھیں کہ بار بار دہرانے سے بھی اثر نہیں ہوتا تو تجربتہً اونچی پوٹینسی دے کر دیکھ لینا چاہئے۔ دوسرا طریق یہ ہے کہ پوٹینسی وہی رہنے دی جائے اور بیچ میں ایسی دوا دی جائے جو ردعمل کو بحال کر دے۔

سل کے مریضوں کو سلفر اونچی طاقت میں دینے سے لازماً احتراز کرنا چاہئے۔ ان کا علاج ہمیشہ چھوٹی طاقتوں سے شروع کرنا چاہئے۔“ (صفحہ :xv)

چھوٹی طاقت سے علاج کا آغاز

”Gout یعنی نقرس میں انگلیوں اور ہاتھوں کے جوڑوں میں گانٹھیں بن جاتی ہیں اور ہاتھوں کی شکل بگڑ جاتی ہے۔ انگلیاں ٹیڑھی ہونے لگتی ہیں۔ ایسی صورت میں کالی کارب کو اونچی طاقت میں دینا، جبکہ وہ مریض کے مزاج کے عین مطابق بھی ہو، بہت خطرناک ہے اور مریض کو سخت تکلیف میں مبتلا کر کے جان سے مارنے کے مترادف ہے۔ اگر کالی کارب صحیح دوا ہے تو جسم کو فوری شفا کا حکم دے دے گی لیکن مریض میں طاقت ہی نہیں ہوگی کہ وہ اس بیماری کا مقابلہ کر سکے۔ گاؤٹ یعنی نقرس کی علامات میں اگر صحیح تشخیص کے بعد کالی کارب دوا تجویز ہو تو کچھ احتیاطوں کی ضرورت ہوتی ہے۔ کالی کارب کے استعمال سے پہلے ہمیشہ کاربوویج دیں۔ کاربوویج مریض کو کالی کارب کے لئے تیار کر دیتی ہے اور اس کے بعد کالی کارب دینے سے سخت ردعمل نہیں ہوتا۔ نیز کالی کارب کو شروع میں 30 طاقت سے اونچا نہیں دینا چاہئے۔ جب مریض اس کا عادی ہو جائے تو پھر بے شک طاقت بڑھا دیں۔“ (صفحہ 496:495)

ہومیو علاج سے افاقہ نہ ہو تو علاج بدلیں

مرض قابو نہ آئے تو ایلو پیتھک ڈاکٹر سے علاج کا مشورہ بھی دیا جاسکتا ہے۔

”یہ اصول بہرحال ہمیشہ پیش نظر رکھنا چاہئے کہ ملیریا کے چڑھتے بخار میں دوا نہیں دینی۔ ہومیوپیتھی دوا اگر مؤثر ہوگی تو پھر دوبارہ بخار ہوگا ہی نہیں یا اس کے دوسرے حملہ کی شدت پہلے سے کم ہوگی۔ اس طرح اگر بخار کا وقت بدل جائے یعنی بعد میں آنے کی بجائے جلدی آجائے یا تاخیر سے ہو تو بشرطیکہ دونوں صورتوں میں بخار کا حملہ مدھم ہو تو یہ بھی دوا کے مؤثر ہونے کی علامت ہے۔ اگر علاج کے دوران ان صورتوں میں سے کوئی اثر نمودار نہ ہو تو پھر یا علاج بدلیں یا مریض کو کسی اور معالج کے سپرد کریں۔ بعض دفعہ مریض کو ایلو پیتھک ڈاکٹر سے علاج کا مشورہ بھی دینا پڑے تو حرج نہیں کیونکہ جان بچانا اولین فریضہ ہے۔“ (صفحہ :99)

ہومیو دواؤں کے دوررس اثرات

”دودھ پیتے بچے کو دوا دینی ہو تو اس کی ماں کو دی جائے۔ جب وہ دودھ پلائے گی تو بچے کو بھی دوا پہنچ جائے گی لیکن بعض اوقات ایسا نہیں بھی ہوتا اس لئے براہ راست دوا دی جا سکے تو دینی چاہئے۔ اگر بچے کی بیماری کی علامتیں ایسی ہوں جو ماں کے عمومی مزاج کے مطابق ہوں یعنی ماں کو بھی ایسی بیماریاں ہوں تو پھر ماں کو دوا دینا ہی بہت کافی ہے۔“ (صفحہ :273)

ہومیو ادویات کی مقدار

”ہومیو پیتھک ادویات کی مقدار اتنی اہم نہیں ہوتی۔ مریض چند گولیاں کھائے یا زیادہ کھائے کوئی خاص فرق نہیں پڑتا۔ البتہ کوئی دوائی جتنی دفعہ کھائی جائے اس سے ضرور فرق پڑتا ہے۔ ہومیو پیتھی دوا ایک دفعہ کھانے کو ایک سٹرائیک (Strike) کہا جاتا ہے۔ دوا کے منہ میں ڈالتے ہی جسم میں اس کا ردعمل شروع ہو جاتا ہے۔ اور دن رات میں جتنی بار یہ دوائی دہرائی جائے گی ہر دفعہ تحریک کا اعادہ کرے گی۔“

(صفحہ :xvi)

ہومیو دوائیں سو سال بھی اثر دکھا سکتی ہیں

”ہومیو پیتھک دوائیں لمبے عرصہ تک خراب نہیں ہوتیں۔ سو سال سے زائد مدت تک بھی پڑی رہیں پھر بھی اثر دکھاتی ہیں۔ لیکن عموماً انہیں معتدل درجہ حرارت پر خشک جگہوں پر رکھنا چاہئے۔ شیشیوں کے ڈھکنے اچھی طرح سے بند ہوں۔ درجہ حرارت بڑھنے سے عموماً دوا خراب نہیں ہوتی لیکن اگر دوا ٹنکچر کی

صورت میں ہو اور شیشی کے ڈھکنے کو احتیاط سے بند نہ کیا گیا ہو تو درجہ حرارت بڑھنے سے دوا سوکھ جاتی ہے۔ اگر شیشی بالکل خشک ہو جائے تو تازہ دوا بنانی چاہئے لیکن ایک قطرہ بھی موجود ہو تو اس میں دوبارہ محلول ڈال کر اسے بھر سکتے ہیں۔ اس طرح دوا کی پوٹینسی ایک درجہ زیادہ ہو جائے گی یعنی 30 سے 31 یا 200 سے 201 لیکن عموماً اس کے اثر میں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ (صفحہ xviii)

کاربوویج کا آخری دموں پر اثر

"جب زندگی بالکل ختم ہونے کے قریب ہو تو کاربوویج فوراً اثر کرتی ہے اور جسم کی حرارت بحال کر دیتی ہے۔ اس خاص اثر سے میں نے یہ اندازہ لگایا کہ کاربوویج گرتے ہوئے بلڈ پریشر کو بھی اونچا کرتی ہو گی جب میں نے اس پر تجربہ کیا تو واقعتہً یہ اثر نمایاں نظر آیا لیکن یہ بات بھی واضح ہوئی کہ یہ بے وجہ بلڈ پریشر کو زیادہ نہیں کرتی۔ یعنی یہ خطرہ نہیں ہے کہ کاربوویج کھانے سے بلڈ پریشر ضرورت سے زیادہ ہو جائے گا۔ بلکہ اگر خون کا دباؤ معمول سے زیادہ گر گیا ہو تو یہ اسے نارمل کر دیتی ہے۔ مریض جب آخری دموں پر ہو تو خون کا دباؤ اکثر گر جاتا ہے۔ کاربوویج کی ایک خوراک سے ہی اچانک گرمی پیدا ہونے لگتی ہے۔" (صفحہ 241-242)

دوائیں ملانے سے نئی دوا بنتی ہے

"ہیپر سلفیورس کلکیریم ...... یہ دوا کلکیر یا کارب اور سلفر کی مرکب ہے اور اس میں ان دونوں کی بعض خصوصیات پائی جاتی ہیں لیکن اپنی اکثر علامتوں میں یہ دونوں سے مختلف ہے۔" (صفحہ: 437)

مرکبات سے نئی دوا بن جاتی ہے

"جب مرکبات بنائے جاتے ہیں تو دراصل ایک نئی دوا وجود میں آتی ہے۔ کیونکہ اکثر دوائیں جو پہلے استعمال ہو رہی ہیں وہ قدرتی مرکبات ہی تو ہیں۔ مثلاً نکس وامیکا کو ایک دوا کہنا اس لئے درست نہیں کہ نکس وامیکا تو بہت سی دواؤں کا قدرتی طور پر بننے والا ایک مرکب ہے۔ پس میں ہمیشہ اپنے بنائے ہوئے مرکبات پر اس پہلو سے غور کرتا ہوں کہ آخری نتیجہ کے طور پر ان کی کون سی علامات قابل اعتبار ہیں اور ہرگز ضروری نہیں کہ ہر دوا جو اس مرکب میں شامل ہو اس کی تمام علامات مرکب میں بھی موجود رہیں کیونکہ دوائیں ایک دوسرے کے اثر کو اندر ہی اندر زائل بھی کرتی رہتی ہیں اور آخری صورت میں بعض دفعہ بالکل مختلف تاثیر بھی ظاہر ہوتی ہے۔" (صفحہ xiii,xiv)

علامت کے مطابق علاج

"عورتوں میں بار بار بچوں کی پیدائش سے جو بوجھ پڑتے ہیں اس سے ٹانگوں میں نیلی رگیں ابھر آتی ہیں اور جالے بن جاتے ہیں۔ کئی دفعہ ان سے خون بھی نکلتا ہے اور بہت تکلیف دہ صورت حال پیدا ہو جاتی ہے۔ اس تکلیف میں کوئی معین دوا کام نہیں کرتی کہ اسے دستور کی دوا سمجھ لیا جائے اور ہمیشہ وہی کام کرے مگر جو دوا بھی علامتوں کے مطابق درست ہو وہ فوری فائدہ دیتی ہے۔ اس بیماری کے لئے چوٹی کی دواؤں میں آرنیکا، ایسکولس، لیکیسس، سلفیورک ایسڈ اور نائٹرک ایسڈ ہیں۔ اس فہرست میں فلورک ایسڈ بھی لکھ لیں۔" (صفحہ 391، 392)

دعا بڑی عظیم الشان اور ضروری چیز ہے

عبدالحمید طاہر صاحب

دعا ایک عظیم الشان اور ضروری چیز ہے۔

حضرت عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ عمرہ کیلئے میں نے آنحضرت ﷺ سے اجازت چاہی آپؐ نے اجازت مرحمت فرمائی اور ساتھ ہی فرمایا میرے بھائی! ہمیں اپنی دعاؤں میں نہ بھولنا حضرت عمرؓ کہتے تھے رسول اللہؐ کی اس بات سے مجھے اتنی خوشی ہوئی کہ اگر اس کے بدلے میں مجھے ساری دنیا مل جائے تو اتنی خوشی نہ ہو۔ (ترمذی کتاب الدعوات)

دعا بہت پیاری اور عمدہ چیز ہے۔ دعا کی قبولیت کیلئے ضروری ہے کہ دعا کرنے والے کے دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف اور خشیت ہو اور یہی بات قرآن کریم میں بیان ہوئی ہے۔ جیسا کہ فرمایا...... کہ اللہ تعالیٰ متقیوں کی دعاؤں کو قبول فرماتا ہے۔ (المائدہ: 28)

خدا تعالیٰ کی خشیت دل میں ہو تو دعا کرتے وقت دل میں اضطراب پیدا ہوتا ہے اور یہی کیفیت دعا کی قبولیت کا موجب بنتی ہے اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے۔ (نیز بتاؤ تو) کون کسی بے کس کی دعا کو سنتا ہے جب وہ اس (خدا) سے دعا کرتا ہے اور (اس کی) تکلیف کو دور کر دیتا ہے بات سچ ہے کہ مضطر کی دعا ضرور قبول کی جاتی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں دعا کی طرف بار بار ترغیب دی ہے اور دعا قبول کرنے کے وعدہ بھی۔ جیسا کہ فرمایا۔ تمہارا رب کہتا ہے مجھے پکارو میں تمہاری دعا سنوں گا۔ (مومن: 61)

دعا بہت سی مشکلات کے حل کا ذریعہ ہے رسول کریم ﷺ نے دعا ہی کے ذریعہ کامیابیاں حاصل کیں آج وہ زندہ نشان ہیں۔ آپؐ کا وجود تو مجسم دعا تھا دعا کا عرفان اور دعا پر سچا ایمان نبی کریم ﷺ نے پیدا کیا۔ آپؐ کی زندگی کے سینکڑوں واقعات ہیں جو آپؐ کی دعاؤں سے کامیابیوں سے ہمکنار ہوئے آپؐ کا اوڑھنا بچھونا دعا ہی تھا۔ آپؐ کی زندگی کے تمام مشکل مراحل اور فتوحات کے سبھی مراحل دعا کے ذریعہ طے ہوئے۔ وادی طائف کا دردناک منظر یا بدر کے میدان میں 313 نہتے جاں نثار، دشمن کے نرغے میں ہوں یا جنگ احزاب میں دشمن کی یلغار، آپؐ نے اپنے مولیٰ پر کمال یقین اور توکل کے ساتھ دعاؤں کے ذریعہ کامیابیاں حاصل کیں۔

مکہ کی عظیم فتح، غزوۂ خیبر کا عظیم معرکہ، آپؐ کی دعاؤں ہی سے یہ عظیم فتوحات ایسی شان کے ساتھ ہوئیں کہ آج دنیا کی آنکھیں حیرت زدہ ہیں کہ یہ کیسے ممکن ہوا۔

خدا پر کامل یقین اور توکل ہو انسان دعا کرے تو ایسی دعا خدا کی درگاہ میں رد نہیں کی جاتی۔

حضرت سلمانؓ فارسی بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ بڑا حیا والا بڑا کریم اور سخی ہے جب بندہ اس کے حضور اپنے دونوں ہاتھ بلند کرتا ہے تو ان کو خالی اور ناکام واپس کرنے سے شرماتا ہے یعنی صدق دل سے مانگی ہوئی دعا کو وہ رد نہیں کرتا بلکہ قبول فرماتا ہے۔ (ترمذی کتاب الدعوات)

ایک دوست نے قبولیت دعا کا ایک واقعہ بیان کیا وہ تحریر میں لاتا ہوں کہ دعا سے کس طرح انسان کی مشکلات کے حل کی راہ نکالی جاتی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ انہیں ایک دفعہ بوجہ مالی تنگی کچھ روپوں کی شدید ضرورت پڑی۔ کئی تدبیریں کیں لیکن بات نہ بنی۔ دعا کی طرف دھیان نہ تھا کیونکہ اکثر مشکلات کا حل تدبیر کو گردانتا تھا بہت پریشانی تھی۔ بیٹھا سوچ رہا تھا خیال آیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ دعا سے بھی بہت مشکلات حل ہو جاتی ہیں دل دعا کی طرف مائل ہوا دعا شروع کر دی اب دعا بہت زیادہ اور تدبیر بہت کم۔ چند دن بعد ایک صاحب مجھے ملے کہنے لگے کہ یہ کچھ روپے آپ کے دوست نے آپ کی طرف بھیجے ہیں اور وہ کہتے تھے کہ میرا فلاں کام ہے اور اس کام پر یہ روپے خرچ ہوں گے۔ تو میں ان کے اس کام کے سلسلہ میں متعلقہ افسر سے ملا۔ افسر نے کہا کہ آپ چند دن بعد آئیں میں آپ کا یہ کام کر دوں گا دو تین دن گزرے کہ دوست کی طرف سے اطلاع آئی کہ جو کام میں نے آپ کے ذمہ لگایا ہے وہ کام رہنے دیں کیونکہ اب اس کام کی ضرورت نہیں رہی اور میں اپنی رقم جب کبھی آؤں گا آپ سے لے لوں گا۔ دلچسپ بات یہ تھی کہ دوست کی طرف سے آئی ہوئی رقم اتنی تھی جتنی رقم کی مجھے ضرورت تھی اپنی وقتی ضرورت ان روپوں سے پوری کی دو تین ماہ بعد دوست کی جب واپسی ہوئی تو انہیں ادائیگی کر دی۔ دل میں ایک چوٹ سی لگی کہ واقعی تنگیوں اور مشکلات کا حل دعا سے ضرور نکل سکتا ہے آج سوچتا ہوں کہ واقعی دعا بڑی ضروری چیز ہے اس واقعہ کے بعد دعا پر ایسا کامل یقین پیدا ہو گیا ہے کہ تدبیر کے ساتھ دعا کو بھی بہت ضروری سمجھتا ہوں۔

حضرت بانی سلسلہ دعا کے متعلق فرماتے ہیں "میرے نزدیک دعا بڑی عمدہ چیز ہے اور میں اپنے تجربہ سے کہتا ہوں خیالی بات نہیں جو مشکل کسی تدبیر سے حل نہ ہوتی ہو اللہ تعالیٰ دعا کے ذریعہ سے اسے آسان کر دیتا ہے۔ میں سچ کہتا ہوں کہ دعا بڑی زبردست اثر والی چیز ہے بیماری سے شفا اس کے ذریعہ سے ملتی ہے دنیا کی تنگیاں، مشکلات اس سے دور ہوتی ہیں۔ دشمنوں کے منصوبے سے یہ بچا لیتی ہے اور وہ کیا چیز ہے جو دعا سے حاصل نہیں ہوتی۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ انسان کو پاک یہ کرتی ہے اور خدا تعالیٰ پر زندہ ایمان یہ بخشتی ہے گناہ سے نجات دیتی ہے اور نیکیوں پر استقامت اس کے ذریعہ سے آتی ہے بڑا ہی خوش قسمت وہ شخص ہے جس کو دعا پر ایمان ہے کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کی عجیب در عجیب قدرتوں کو دیکھتا ہے اور خدا تعالیٰ کو دیکھ کر ایمان لاتا ہے کہ وہ قادر کریم خدا ہے۔"

پھر فرماتے ہیں "غرض دعا بڑی دولت اور طاقت ہے اور قرآن شریف میں جا بجا اس کی ترغیب دی ہے اور ایسے لوگوں کے حالات بھی بتائے ہیں جنہوں نے دعا کے ذریعہ اپنی مشکلات سے نجات پائی۔ انبیاء علیہم السلام کی زندگی کی جڑ اور ان کی کامیابیوں کا اصل اور سچا ذریعہ یہی دعا ہے۔ پس میں نصیحت کرتا ہوں کہ اپنی ایمانی اور عملی طاقت کو بڑھانے کے واسطے دعاؤں میں لگے رہو۔ دعاؤں کے ذریعہ سے ایسی تبدیلی پیدا ہو گی جو خدا کے فضل سے خاتمہ بالخیر ہو جاوے گا۔" (ملفوظات جلد چہارم صفحہ 207)

انسان کو ہمیشہ دعاؤں کی ضرورت ہے قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

(اے رسول) تو ان سے کہہ دے کہ میرا رب تمہاری پرواہ ہی کیا کرتا ہے اگر تمہاری طرف سے دعا اور استغفار نہ ہو۔ (الفرقان: 78)

دعاؤں میں لگے رہنے میں ہی انسان کی خیر ہے۔

دعا سے کام نہ لینا دعا، کرنا تو بے صبری دکھانا اس عجلت کا نقصان انسان کو ہی ہے سو یاد رکھنا چاہئے کہ جو انسان پورے شرائط کے ساتھ دعا نہیں کرتا وہ دعا کے آداب سے ناواقف ہے۔

ہمارے پیارے موجودہ امام حضرت امام جماعت خامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز قبولیت دعا کے ضمن میں فرماتے ہیں:۔ "اعمال صالحہ بجالانا اور نیکیوں پر قائم رہنا ضروری ہے اس کا عبد بن کر رہنا چاہئے خالصۃً اس کی عبادت کرنی چاہئے اس کو تمام طاقتوں کا سرچشمہ یقین کرنا ضروری ہے۔ جب مانگنا ہے اسی سے مانگا جائے کوئی کام اس کی عبادت میں روک نہ ہو پھر رسول کریم ﷺ کی اطاعت کرنی ہے اس کی نصائح پر عمل کرنا ہے اور یقین رکھنا ہے کہ خدا دعاؤں کو سنتا ہے نیک نیتی سے اور خالص ہو کر مانگی جانے والی دعا کبھی ضائع نہیں جاتی۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ اللہ ان کی دعائیں سنتا ہے جو بے صبری نہیں دکھاتے اور یہ نہیں کہتے کہ میں نے بہت دعائیں کر لی ہیں اللہ سنتا ہی نہیں یہ تو کفر ہے ایمان سے دور لے جانے والی بات ہے خدا تعالیٰ کو تمام قدرتوں کا مالک یقین کرتے ہوئے دعا مانگو گے تو پھر قبولیت دعا کے نشان ظاہر ہوں گے۔"

(روزنامہ الفضل 30 ستمبر 2004ء)

شکیل احمد ناصر صاحب

ماہر طبیب ۔ 400 رسالوں کا مصنف

حکیم جالینوس

پیدائش اور ابتدائی حالات

جالینوس 130ء میں ایشیائے کوچک میں رومی صوبے کے دارالخلافہ پرگامون میں پیدا ہوا۔ پرگامون مجسمہ سازی کی درسگاہ کے لئے بہت مشہور تھا اور اس کی لائبریری اسکندریہ کی لائبریری کے ہم پلہ سمجھی جاتی تھی۔ جالینوس کا باپ نائکن (Nicon) ایک دولتمند کسان تھا۔ اور اس نے ریاضی، فلسفہ اور طبیعی علوم کی اچھی خاصی تعلیم حاصل کی تھی۔ جب جالینوس چودہ سال کا ہوا تو جالینوس کو اس کے باپ نے پرگامون کے بہترین اساتذہ کے پاس تعلیم کے لئے بھیج دیا۔ علم الحیات میں پہلا سبق اس نے ارسطو کی تصنیفات کے مطالعہ سے حاصل کیا اور وہ یہ تھا کہ علم الحیات کے حصول کے لئے فطرت کا براہ راست مشاہدہ لازمی ہے۔ سترہ سال کی عمر میں اس نے پرگامون میں بقراط کے مشہور و معروف پیرو ستائرس SATYRUS سے طب اور علم الابدان پڑھنا شروع کر دیا۔ باپ کی وفات کے بعد وہ اسکندریہ چلا گیا جہاں سے اس نے طب کی اعلیٰ تعلیم حاصل کی۔ 27 برس کی عمر میں وہ دوبارہ پرگامون واپس آ گیا۔

جنگجوؤں کا ڈاکٹر

پرگامون کے اکھاڑے میں پیشہ ور جنگجوؤں کا سالانہ مقابلہ شروع ہونے والا تھا چنانچہ وہ واپس گھر آ گیا۔ یہ پیشہ ور جنگجو غلام یا جنگی قیدی ہونے کے باوجود اپنی صلاحیت اور قابلیت کی وجہ سے بہت قیمتی املاک تصور ہوتے تھے۔ زخمی جنگجوؤں کی دیکھ بھال کے لئے ماہر ڈاکٹروں کی خدمات کی ضرورت ہوتی تھی تاکہ وہ زندہ رہیں اور دوبارہ لڑ سکیں۔ بڑے پجاری نے جس کے سپرد ان کھیلوں کا انتظام تھا جالینوس سے یہ ذمہ داری قبول کرنے کی درخواست کی جو جالینوس نے قبول کر لی۔ اس کے لئے یہ موقع یقیناً قابل قدر تھا کیونکہ اس طرح وہ انسانی جسم کا عملی طور پر مطالعہ کر کے جراحی کے علم میں انقلاب برپا کر سکتا تھا۔ یہ مقابلے بڑے وحشیانہ ہوتے تھے اور ان کے نتیجے میں سر پھٹ جاتے تھے، ہڈیاں ٹوٹ جاتی تھیں، بازو اور شانے کے پرخچے اڑ جاتے تھے اور پیٹ چاک ہو جاتے تھے ان زخموں کی شفایابی میں جالینوس کی کامیابی حیرت انگیز تھی۔

جالینوس روم کے دارالخلافہ میں

جالینوس کو سفر کی ایک دھن لگی ہوئی تھی چنانچہ اس نے سلطنت روما کے روشن اور جگمگاتے ہوئے دارالخلافہ جانے کا عزم کیا۔ اس وقت روم مختلف فرقوں دبستانوں سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹروں سے بھرا پڑا تھا۔ ان ڈاکٹروں نے نووارد کا استقبال انتہائی سرد مہری سے کیا۔ یہ نووارد طب کے کسی فرقہ کو تسلیم نہیں کرتا تھا اور ہر ایسا ڈاکٹر جو طب کے کسی ایسے نظام کو مانتا ہو جس کی بنیاد مشاہدہ اور عملی تجربہ پر نہ ہو اس کے نزدیک دھوکہ بازی اور فریب تھا۔ جالینوس تنہائی کا شکار ہو گیا کیونکہ اس کے رقیبوں نے اس کو اتنا بدنام کیا کہ اس کے پاس کوئی مریض مشورے کیلئے نہیں آتا تھا۔

جالینوس اس صورت حال سے تنگ آ کر روم کو ہمیشہ کے لئے چھوڑنے ہی والا تھا کہ رومی قونصل فلیویس (FLAVIUS) کی بیوی بیمار ہو گئی۔ جب روم کے بہترین ڈاکٹر ناکام ہو گئے تو فلیویس نے بحالت مجبوری جالینوس سے اپنی بیوی کے علاج کی درخواست کی۔ جالینوس کے علاج سے وہ بہت جلد صحت یاب ہو گئی۔ فلیویس نے برسر عام جالینوس کی طبی مہارت کی تعریف کی اور اس کو علم الاعضاء میں تحقیق کے لئے ایک لیبارٹری قائم کرنے کے لئے مناسب رقم دی۔ یہاں پر ہر قسم کے جانوروں یعنی سؤر، بھیڑیوں، بلیوں، کتوں، گھوڑوں اور حتی کہ ببر شیروں تک کا مطالعہ کیا جاتا تھا۔ کبھی کبھار جالینوس بن مانسوں کی چیر پھاڑ کیا کرتا تھا کیونکہ اس کے خیال میں ان کے بدن کی ساخت بالکل انسانی جسم کی ساخت جیسی تھی۔

جالینوس کی شاہی فوج کے لئے خدمات

یہ 168ء کے سردیوں کے موسم کی بات ہے شہنشاہ مارکس اوریلیس MARCUS AURILIUS نے اپنی فوجوں کے ساتھ شمالی اٹلی میں ڈیرے ڈالے ہوئے تھے۔ اس کے بہت سے بہترین افسروں کی حالت تشویشناک تھی اور اس کے اپنے ڈاکٹروں نے ہار مان لی تھی۔ ایسے میں شہنشاہ کو جالینوس کا خیال آیا اور اس نے پرگامون، جہاں اس وقت جالینوس رہائش پذیر تھا۔ فوری مدد کے لئے تیز رو قاصد دوڑائے، جالینوس شہنشاہ کی درخواست پر آیا اور اس کی توقعات پر پورا اترا۔ شہنشاہ بڑی مسرت سے اپنے سپاہیوں کو جالینوس کے علاج سے صحت یاب ہوتے ہوئے دیکھ رہا تھا۔ اس نے کہا کہ ''یہ واحد ڈاکٹر ہے جو احمقانہ روایات اور تنگ نظری کا شکار نہیں ہے''۔

جالینوس کے عضلات اور اعصاب پر تجربات

دوسری صدی عیسوی میں انسانی اعضاء کے افعال کے بارے میں محدود علم کا خیال آتا ہے تو جالینوس کے عضلات اور اعصاب پر کئے ہوئے تجربات پر حیرت ہوتی ہے۔ جالینوس علم افعال الاعضاء (Physiology) کا پہلا ماہر تھا جس نے صحیح معنوں میں تجربات پر اس علم کی بنیاد رکھی۔ علم الاعصاب اور علم العضلات میں اس کے درست تصور اور وضاحت سے سمجھائی ہوئی تحقیق کے نتائج مستقبل میں عضلات اور اعصاب کے باہمی تعلق کے مطالعہ کے لئے ایک مناسب بنیاد ثابت ہوئے۔ جالینوس کو انسانی جسم کے افعال کے مطالعہ کے بہت سے مواقع میسر تھے۔ فوجیوں اور پیشہ ور جنگجوؤں اور شمشیر زنوں کے ڈاکٹر کی حیثیت سے اس کو جسم کے حصوں کے افعال پر خاص چوٹوں کے اثرات معلوم ہو چکے تھے اس نے عضلات کے بارے میں اپنے مطالعے کی تکمیل ان تجرباتی جانوروں کے ذریعے کی جن کے عضلات انسانی عضلات سے مشابہہ ہیں۔ ان تحقیقات کے نتیجے میں اس نے علم الحرکات (Kinesiology) پر دنیا کا پہلا رسالہ ''عضلات کی حرکت کے بارے میں''

ON THE MOVEMENT OF MUSCELS شائع کیا۔ اس نے پہلی مرتبہ جسم کے بہت سے عضلات کے فعل کی نشاندہی اور وضاحت کی۔ جدید انسانی علم الاعضاء کی کتابوں میں ابھی بھی بہت سے ایسے نام استعمال کئے جاتے ہیں جو جالینوس نے خاص عضلات کیلئے استعمال کیے تھے۔

اس کی تحقیقات کے نتائج

عضلات کے افعال کے مطالعہ کے دوران جالینوس کو معلوم ہوا کہ ہر عضلہ کا صرف ایک کام ہوتا ہے یعنی سکڑنا چنانچہ جب کہنی پر سے بازو کو موڑا جاتا ہے تو دوسروں والا عضلہ سکڑتا ہے۔ لیکن جب بازو کو پھیلایا جاتا ہے تو بازو کی پشت والا عضلہ جس کے تین سرے ہوتے ہیں سکڑ جاتا ہے۔ جب کہ دوسروں والا عضلہ پھیل جاتا ہے۔ جالینوس اس نتیجہ پر پہنچا کہ عضلات ہمیشہ مخالف جوڑوں یا گروہوں کی شکل میں حرکت کرتے ہیں۔ وہ جسم کے مختلف حصوں کو کبھی موڑتے ہیں کبھی پھیلاتے ہیں۔ کبھی جھکاتے ہیں اور کبھی اٹھاتے ہیں۔ کبھی کھینچتے ہیں اور کبھی پھیلاتے ہیں۔ اور کبھی سکڑتے ہیں اور کبھی پھیلاتے ہیں۔

عضلات کے سکڑنے کی وجہ

عضلات کو کام کرتے دیکھ کر جالینوس اس سوچ میں پڑ گیا کہ آخر عضلات سکڑتے کیوں ہیں۔ اس نے اپنے آپ سے سوال کیا کہ ان کے پیچھے کون سی طاقت ہے اور اس کا منبع جسم میں کس جگہ ہے۔ اس نے دیکھا تھا کہ جن فوجیوں کی کھوپڑی تلوار کے وار سے ٹوٹ جاتی ہے یا جن کی ریڑھ کی ہڈی میں نیزے سے سوراخ ہو جاتا تھا وہ مکمل یا جزوی طور پر مفلوج ہو جاتے تھے۔

فالج کا تعلق حرام مغز سے ہے

جالینوس کو یقین تھا کہ فالج کا تعلق دماغ یا حرام مغز کی چوٹ سے تھا لیکن سوال یہ تھا کہ اس مفروضہ کو ثابت کیسے کیا جائے۔ اس سوال کے جواب کی تلاش میں جالینوس نے بہت سے ایسے تجربات کیے جو اس زمانے کے لحاظ سے حیرت انگیز ہیں۔ اس نے کچھ تجرباتی جانور لے کر ان کی ریڑھ کی ہڈی کو گردن میں پہلے دو مہروں سے لے کر نیچے پشت تک کاٹا۔ ہر جانور پر یہ عمل کر کے اس کے بارے میں بڑی محتاط یادداشتیں تیار کی گئیں۔ پہلے دو مہروں کو کاٹنے سے نظام تنفس منقطع ہو گیا اور جانور دم گھٹ کر مر گیا۔ چھٹے اور ساتویں مہرے کے درمیان سے ریڑھ کی ہڈی قطع کرنے سے نہ صرف سینے کے عضلات اور آگے کی ٹانگیں بلکہ جسم کا نچلا حصہ بھی مفلوج ہو گیا۔ بہرحال جب ریڑھ کی ہڈی کے آخری دو مہروں کو کاٹا گیا تو صرف ان سے نیچے کے حصے مفلوج ہوئے۔ آگے کی ٹانگیں اور دماغ اور کٹے ہوئے مقام کے درمیان کا بالائی جسم محفوظ رہا۔ جالینوس نے اس سے یہ نتیجہ نکالا کہ جسم کے مختلف حصوں کی حرکت کو ایک مرکزی نظام اعصاب کنٹرول کرتا ہے اور وہ طاقت جو عضلات کو سکیڑتی ہے یقیناً دماغ میں ہے۔ ان تجربات کے دوران جالینوس نے اس حالت کو جسے اب نچلے دھڑ کا فالج (PARAPLEGIA) کہتے ہیں بڑی تفصیل سے بیان کیا۔ اس نے یہ بھی دریافت کیا کہ جب حرام مغز کے صرف نصف حصے کو کاٹا جائے تو جسم کا صرف نصف حصہ ہی مفلوج ہوتا ہے۔ جالینوس نے معلوم کیا کہ حرام مغز کے خلیے ایک دفعہ کی چوٹ کے بعد کبھی صحتیاب نہیں ہوتے نہ ان کی جگہ دوسرے خلیے بنتے ہیں اور ایسا فالج جو گردن کے ٹوٹنے سے ہو وہ دائمی ہوتا ہے کیونکہ اس میں حرام مغز بھی مکمل طور پر ٹوٹ جاتا ہے۔

جالینوس کی تصانیف

جالینوس نے تقریباً چار سو 400 رسالے تصنیف کئے۔ لیکن جالینوس کی تمام تصانیف اس کے عضلات اور اعصاب کے بارے میں تصانیف کی طرح درست نہیں ہیں۔ اس کا علم الابدان صرف ان چیزوں تک محدود تھا جن کے اس نے تجربات کئے اور اس کا علم الاعضاء اس لئے محدود تھا کہ انسان کے مردہ جسم کی چیر پھاڑ قانوناً ممنوع تھی۔

192ء میں روم میں آگ لگ گئی جس سے اسقلپوس کا مندر تباہ ہو گیا۔ غالباً مندر کا ایک حصہ طبی لائبریری کے طور پر استعمال ہوتا تھا۔ جہاں ڈاکٹر مل

(باقی صفحہ 12 پر)

بائیومیٹرکس شناخت کا جدید طریقہ

شناخت ایک ایسا عنصر ہے جو دنیا کی آبادی میں اضافے اور تہذیبوں کے قیام کے ساتھ ہی انسان کی ضرورت بن گیا۔ بیسویں صدی کے جدید معاشروں میں لوگ قومی شناختی کارڈ، ڈرائیونگ لائسنس، پاسپورٹ اور مختلف اداروں اور تنظیموں کی طرف سے جاری کئے جانے والے شناختی کارڈ اپنی انفرادی شناخت کے لئے استعمال کرتے رہے ہیں اور اب بھی شناخت کے لئے یہی چیزیں بڑے پیمانے پر استعمال ہوتی ہیں۔ دستاویزات کی صحت کے لئے انگوٹھا لگانے اور دستخط کرنے یا مہر لگانے کا طریقہ رائج رہا ہے۔ یہ بات سبھی لوگ جانتے ہیں کہ انسانی ہاتھوں اور انگلیوں پر پائی جانے ولی مہین لکیروں کا جال ہر انسان میں مختلف ہوتا ہے اور یہ چیز کسی بھی انسان کی انفرادی شناخت کے لئے استعمال کی جاتی رہی ہے۔ خاص طور پر اہم دستاویزات اور جرائم کا سراغ لگانے کے لئے انگلیوں کے نشانات کا سہارا لیا جاتا رہا ہے اور یہ اب تک رائج ہے۔

شناخت کی ضرورت کہاں کہاں پیش آتی ہے اس کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ ہر شخص کو زندگی میں کسی نہ کسی جگہ پر اپنی شناخت کرانے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ لیکن بعض ایسی جگہیں ہیں جہاں اس کی اہمیت اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر جائیداد کی خرید وفروخت اور دوسرے مالیاتی امور جیسے بینک اکاؤنٹس وغیرہ کے سلسلے میں ان کی اہمیت اس لئے زیادہ ہے کہ شناخت کے سلسلے میں اٹھائے جانے والے یہ حفاظتی اقدامات دراصل آپ کے لئے بھی سہولت اور حفاظت کی ضمانت بن جاتے ہیں۔

ایسے مالیاتی اداروں میں جہاں کھاتہ دار اپنی مدد آپ کے تحت اپنے کھاتوں کو آپریٹ کرتے ہیں وہاں اکاؤنٹ تک رسائی کے لئے بھی شناختی کارڈ جاری کئے جاتے ہیں۔ اس کی ایک مثال اے ٹی ایم کارڈز ہیں جن کی پشت پر ایک پٹی کے اندر کھاتہ دار کے متعلق پورا ڈیٹا محفوظ ہوتا ہے اور وہ اپنے مخصوص نام اور پاس ورڈ (خفیہ کوڈ) کی مدد سے اپنے کھاتے تک رسائی حاصل کرلیتا ہے۔

بیسویں صدی کے آخری عشروں میں ٹیکنالوجی میں بے بہا ترقی ہوئی اور خاص طور پر کمپیوٹر کی آمد نے تمام فرسودہ طریقوں پر نظر ثانی کا موقع فراہم کردیا۔ اکیسویں صدی میں داخل ہونے تک ہمارے پاس ایسے کئی نئے طریقے آچکے تھے جن سے دنیا کے کسی بھی انسان کی انفرادی پہچان کے سلسلے میں حقائق حاصل ہو سکتے تھے۔ ایسا ہی ایک طریقہ بائیومیٹرکس (Biometrics) کہلاتا ہے اور اس طریقے سے کئے گئے حفاظتی اقدامات کو بائیومیٹرک سیکورٹی کہتے ہیں۔

بائیو میٹرکس میں انسانی خدوخال اور جسمانی خصوصیات کو شناخت کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور یہ طریقہ اتنا مؤثر ثابت ہوا ہے کہ اس کے سامنے پاس ورڈ یا دستاویز کی بنیاد پر شناخت (جیسے شناختی کارڈز وغیرہ) کے طریقے معمولی دکھائی دیتے ہیں۔

آج سے دس برس قبل جان ڈوگ مین (John Daugman) نامی ایک ریاضی دان نے ریاضی کی چار مساواتیں وضع کیں جن کی مدد سے انسانی آنکھ کی پتلی (Iris) کو ایک بارکوڈ (Bar Code) کی طرح سکین کرنا ممکن ہوگیا۔ نظریاتی طور پر یہ ٹیکنالوجی اتنی زبردست ہے کہ اسے اپنا لینے کے بعد شناخت کے تمام مروجہ طریقے مسترد کئے جاسکتے ہیں کیونکہ جس طرح انسانی ہاتھوں پر موجود لکیروں کا جال ہر انسان میں منفرد ہوتا ہے اور کسی انسان کے ہاتھوں کی لکیریں دوسرے سے نہیں ملتیں اسی طرح آنکھ کی پتلی کے اندر پایا جانے والا پیٹرن بھی ہر انسان میں بالکل منفرد ہوتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ دیگر جسمانی خصوصیات جیسے خدوخال کی سکیننگ کے ذریعے بھی شناخت کا کام لیا جا سکتا ہے۔ اس طرح آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ مستقبل میں دراصل آپ خود ہی اپنا ''شناختی کارڈ'' ہوں گے۔ اس ''شناختی کارڈ'' کے لئے آپ کو کسی طرح کی دستاویزات جمع کرانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ آپ کو صرف یہ کرنا ہے کہ لیزر سکیننگ کے عمل سے گزرنا پڑے گا اور یہ عمل نہ تو تکلیف دہ ہے اور نہ ہی اس پر زیادہ وقت صرف ہوگا صرف چند ثانیے میں آپ کی سکیننگ ہو جائے گی اور اپنی وسیع وعریض ڈیٹا بیس کے لئے آپ کے متعلق باقی اندراجات محکموں کے اہلکار خود ہی کرلیا کریں گے۔

